www.KitaboSunnat.com

والمرجئة ينكرون هذه الحقيقة الشرعية ويقولون:بأن الإيمان لا يزيد ولا ينقص[1]

”خالص اہل السنہ اور خالص مرجئہ کے مابین بنیادی اختلاف دو اعتبار سے ہے: بلاشبہ اہل سنت یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ بے شک نیک اعمال ایمان میں سے ہیں، اور رہے مرجئہ تو وہ یہ اعتقاد نہیں رکھتے اور صراحتاً یہ کہتے ہیں کہ ایمان زبان سے اقرار اور دل سے تصدیق ہی ہے۔ رہے اعمالِ صالحہ تو وہ ایمان میں سے نہیں ہیں اور اس بنا پر وہ بہت زیادہ نصوص کو بھی ردّ کر دیتے ہیں۔ یہ ہے وہ پہلا نکتہ جس میں مرجئہ نے خالص اہل السنہ کی مخالفت کی ہے۔

اور دوسرا نکتہ جو کہ پہلے نکتے سے ہی نکلتا ہے، یہ ہے کہ بلاشبہ اہل سنت کہتے ہیں کہ ایمان زیادہ اور کم ہوتا ہے، اس کا زیادہ ہونا نیکی کے سبب سے ہے اور کم ہونا معصیت کی وجہ سے ہے، اور مرجئہ اس شرعی حقیقت کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایمان نہ زیادہ ہوتا ہے اور نہ کم۔“ [جاری ہے]

’پنجاب قرآن بورڈ‘ کی تشکیل

قرآنِ کریم کی نشر واشاعت اور اس کے پیغام کو پھیلانے کے لئے پنجاب حکومت کے قائم کردہ ’پنجاب قرآن بورڈ‘ میں ڈاکٹر حافظ حسن مدنی حفظہ اللہ مدیر ماہنامہ ’محدث‘ لاہور کو صوبائی وزارتِ مذہبی اُمور کی طرف سے اگلے تین سال کے لئے بطورِ رکن نامزد کیا گیا ہے۔ حکومتِ پنجاب نے قرآن کریم کی نشر واشاعت کے حوالے سے اگست ۲۰۱۱ء میں ایک قانون پنجاب اسمبلی سے منظور کیا اور پنجاب قرآن بورڈ کیلئے ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت سے عظیم الشان عمارت بھی اَپر مال روڈ لاہور پر تعمیر ہو چکی ہے جس میں قرآن لائبریری، قرآن ریسرچ سنٹر اور قرآن محل وغیرہ جیسے منصوبے پورے کئے جائیں گے۔ ہم دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پنجاب قرآن بورڈ کے دیگر اراکین اور محترم مدیر محدث کو زیادہ سے زیادہ خدمتِ قرآن کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ [اراکین مجلس التحقیق الاسلامی و مجلہ ’محدث‘]

1 موسوعة الألباني: ۴/ ۱۵۳، ۱۵۴

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ